**24.11.2024**

**1350 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آ کاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیدم احمد

**Music**

..................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سائبر دھوکہ دہی سے بزرگوں کو بچانے کیلئے آگے آئیں۔ انہوں نے یہ بات دوہرائی کہ ڈیجیٹل Arrest کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

☆ آکاشوانی پر 'مَن کی بات' کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے سیاسی پس منظر سے تعلق نہ رکھنے والے کنبوں کے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ سیاست میں شامل ہوں۔

☆ وزیر اعظم نے کہا کہ گذشتہ 10 سال میں NCC میں کیڈٹ کے طور پر لڑکیوں کی تعداد میں 25 فیصد سے 40 فیصد تک کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ مرکز نے کُل شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے موسمِ سرما کے اجلاس سے قبل کُل جماعتی میٹنگ طلب کی ہے۔

☆ جھارکھنڈ میں آئی این ڈی آئی اے بلاک کے نومنتخب اسمبلی ارکان آج رانچی میں میٹنگ کریں گے ، جس میں نئے لیڈر کا انتخاب کیا جائے گا۔

☆ COP29 نے آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کی غرض سے ایک اعشاریہ تین ٹریلین ڈالر کا عطیہ کرنے کا عہد کیا ہے۔ بھارت نے اس کو ناکافی قرار دیتے ہوئے اِس پر نکتہ چینی کی ہے۔

☆ اور ٹسٹ کرکٹ میں ، بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف اپنی پوزیشن مضبوط کرلی ہے اور Yashasvi جیسوال نے کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 161 رَن بنائے۔

..................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM MANN KI BAAT**

وزیراعظم نریندر مودی نے سیاسی پس منظر سے تعلق نہ رکھنے والے کنبوں کے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ سیاست میں شامل ہوں۔ آکاشوانی پر مَن کی بات کے اپنے پروگرام کے 116 ویں ایڈیشن میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ بزرگ شہری اِس طرح کے جرائم کا عام طور پر شکار ہوتے ہیں اور یہ ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ انہیں سائبر دھوکہ دہی سے بچائے۔ وزیر اعظم نے اُن نوجوانوں کی مثال پیش کی ، جو معاشرے کیلئے بے لوث کام کررہے ہیں اور ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کررہے ہیں۔

SB - 1400 PM Digital Arrest - MSG

جناب مودی نے اعلان کیا کہ اگلے سال سوامی وویکانند کی 162ویں سالگرہ منائی جائے گی اور دلّی میں ''وِکست بھارت Young لیڈرس ڈائیلاگ'' منعقد ہوگا۔ سوامی وویکانند کی سالگرہ کے موقع پر، ملک ہر سال 12 جنوری کو نوجوانوں کا دن مناتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پورے بھارت سے کروڑوں نوجوان ''وِکست بھارت Young لیڈرس ڈائیلاگ'' میں شرکت کریں گے۔

ڈائیلاگ کیلئے بھارت منڈپم میں گاؤں ، بلاکس ، اضلاع اور ریاستوں سے اِس طرح کے دو ہزار نوجوانوں کو منتخب کیا گیا ہے۔

SB - 1400 - PM Young Leadership Prog

اِس بات کا ذکر کرتے ہوئے، 2014 تک بزرگوں کو لائیو سرٹیفکیٹ داخل کرنے کیلئے بینکوں میں جانا پڑتا تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ DLC نے عوام کیلئے چیزیں آسان ہوگئی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس طرح کی کوششوں سے بڑی تعداد میں لوگ ڈیجیٹل طور پر لائیو سرٹیفکیٹ حاصل کررہے ہیں اور یہ تعداد 80 لاکھ سے زیادہ تجاوز کرگئی ہے۔ اِن میں دو لاکھ سے زیادہ وہ بزرگ شہری ہیں، جن کی عمر 80 سال سے زیادہ ہے۔

آج NCC کے دن کے موقع پر جناب مودی نے NCC میں کیڈٹ کے طور پر لڑکیوں کی بھرتی کی تعداد میں 25 فیصد سے 40 فیصد کے اضافے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2014 میں تقریباً 14 لاکھ نوجوان NCC سے جڑے ہوئے تھے لیکن اب 2024 میں NCC میں اِن نوجوانوں کی تعداد بڑھ کر 20 لاکھ سے زیادہ ہوگئی ہے۔

اپنے حالیہ غیر ملکی دورے کا ذکر کرتے ہوئے ، وزیر اعظم نے کہا کہ بیرونِ ملک آباد بھارتی شہری ، بھارت کی ثقافت کو تحفظ فراہم کررہے ہیں اور اسے فروغ دے رہے ہیں۔ Guyana میں مِنی انڈیا کا ذکر کرتے ہوئے ، جناب مودی نے کہا کہ Guyana میں بھارتی نژاد لوگ ہر شعبے میں آج ملک کی قیادت کررہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کی قدیم بحری صلاحیت سے متعلق ثبوت کا تحفظ کرنے کیلئے ملک میں ایک مہم بھی چلائی جارہی ہے۔

وزیر اعظم مودی نے آج یہ بات بھی مشترک کی کہ ''ایک پیڑ ماں کے نام مہم'' نے محض پانچ مہینے میں 100 کروڑ درخت لگانے کا اہم سنگِ میل طے کرلیا ہے۔x

## JAISHANKAR ITALY

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج اٹلی کے تین روزہ دورے پر روانہ ہورہے ہیں۔ وہ جی-7 کے وزراء خارجہ کی میٹنگ کے Outreach اجلاس میں شرکت کیلئے Fiuggi جائیں گے۔ توقع ہے کہ وہ جی-7 سے متعلق اپنی مصروفیت کے دوران اٹلی اور شرکت کرنے والے دیگر ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ملاقاتیں کریں گے اور دورے کے دوران دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ ڈاکٹر ایس جے شنکر Rome میں 10 ویں

MED Mediterranean Dialogue

میں بھی شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر Rome میں بھارتی سفارتخانے کی ایک نئی عمارت کا بھی افتتاح کریں گے۔x

## ALL PARTY METING

پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس سے قبل آج حکومت کی جانب سے بلائی گئی سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ ختم ہو گئی ہے۔ میٹنگ کی صدارت وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے کی۔ میٹنگ میں حکومت نے سبھی سیاسی پارٹیوں سے تعاون طلب کیا ہے تاکہ اجلاس کے دوران، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کا کام کاج بلا رُکاوٹ چلائے جانے کو یقینی بنایا جاسکے۔ موسم سرما کا اجلاس کل شروع ہوگا اور یہ 20 دسمبر تک جاری رہے گا۔ البتہ یومِ آئین کے موقع پر 26 نومبر کو پارلیمنٹ کا اجلاس نہیں ہوگا۔x

## JHARKHAND GOVT FORMATION

جھارکھنڈ میں آئی این ڈی آئی اے بلاک کے نومنتخب اسمبلی ارکان آج سہ پہر رانچی میں میٹنگ کریں گے تاکہ اپنے لیڈر کا انتخاب کرسکیں۔ یہ میٹنگ وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کی سرکاری رہائش گاہ پر طلب کی گئی ہے۔ JMM ، کانگریس ، RJD اور CPIML کے نومنتخبہ اسمبلی ارکان میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ ہیمنت سورین کا آئی این ڈی آئی اے بلاک قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب ہونا طے ہے۔ لیڈر کی حیثیت سے اپنے انتخاب کے بعد ہیمنت سورین شام چار بجے گورنر سنتوش Gangar سے ملاقات کریں گے اور انہیں ریاست میں نئی حکومت کی تشکیل کا دعویٰ پیش کریں گے۔ 81 رکنی اسمبلی میں آئی این ڈی آئی اے بلاک نے 56 نشستیں حاصل کی ہیں۔

دوسری جانب BJP کی قیادت والے NDA نے 24 سیٹیں جیتی ہیں۔ ایک سیٹ جھارکھنڈ لوک Tantrik کرانتی کاری مورچہ نے جیتی ہے۔ x

## NANDED BY ELECTION RESULT

کانگریس امیدوار رویندر چوان نے بی جے پی کے اپنے سب سے قریبی حریف امیدوار Santuk Rao Hambarde کو ایک ہزار 457 ووٹوں سے ہراکر ناندیڑ لوک سبھا کا ضمنی انتخاب جیت لیا ہے۔ رویندر چوان کو پانچ لاکھ 86 ہزار 788 ووٹ، جبکہ ڈاکٹر Santuk Rao Hambarde کو پانچ لاکھ 85 ہزار 331 ووٹ حاصل ہوئے۔ ناندیڑ لوک سبھا حلقے میں ضمنی چناؤ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ وسنت چوان کی موت ہوجانے کے سبب ہوا ہے۔ رویندر چوان، وسنت چوان کے بیٹے ہیں۔x

## MUSK INDIAN ELECTIONS

Tesla کے CEO ایلون مسک نے دو ریاستوں کے اسمبلی انتخابات اور ضمنی انتخابات کے لیے ووٹوں کی گنتی ایک ہی دن میں مکمل ہونے پر بھارت کے انتخابی نظام کی ستائش کی ہے۔ اس کے ساتھ ہی انھوں نے امریکہ میں انتخابی عمل پر طنز کیا ہے۔ جہاں کیلی فورنیا میں چناؤ کے نتائج کا ابھی تک اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ جناب مسک نے بھارت میں ہوئے انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کے بارے میں ایک مضمون کا اسکرین شوٹ ''X'' پر شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بھارت میں 64 کروڑ ووٹوں کی گنتی کا عمل ایک ہی دن میں مکمل ہو گیا ہے جبکہ کیلی فورنیا میں اب تک ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ دو ہفتے سے زیادہ ہو چکے ہیں اور کیلی فورنیا میں ابھی تک 3 لاکھ سے زیادہ ووٹوں کی گنتی نہیں ہوسکی ہے۔x

## GURU TEG BAHADUR

سکھوں کے نویں گرو، گرو تیغ بہادر کا یومِ شہادت آج منایا جا رہا ہے۔ آج ہی کے دن 1675 میں گرو تیغ بہادر جی نے مذہب، انسانی اقدار، نظریات اور اصولوں کی حفاظت کے لیے اپنی جان قربان کردی تھی۔
گرو تیغ بہادر کی شہادت کو ہر سال شہیدی دِوس کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ x

## PREZ - TEG BAHADUR

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج گرو تیغ بہادر کے شہیدی دِوس کے موقع پر، انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ گرو تیغ بہادر ایک زبردست روحانی پیشوا اور ایک سچے محبّ وطن تھے، جنہوں نے اتحاد اور محبت کو فروغ دیا اور انصاف اور سچائی کیلئے لڑنے کی خاطر عوام کی حوصلہ افزائی کی۔ صدرِ جمہوریہ مرمو نے سبھی ہموطنوں ، خصوصاً نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ گرو تیغ بہادر جی کی زبردست قربانیوں اور اُن کی غیر معمولی تخلیق کے بارے میں جانیں۔

انہوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ اُن کی تعلیمات کو اپنائیں اور اپنی زندگیوں میں اُن کے عظیم نظریات اور خیالات پر عمل کریں۔

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے بھی گرو تیغ بہادر جی کے شہیدی دِوس کے موقع پر ، انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدرِ جمہوریہ نے، انہیں ہمت اور بے لوث قربانی کی ایک اعلیٰ مثال قرار دیا۔ ڈاکٹر دھنکھڑ نے انسانی عظمت اور وقار اور عام بھائی چارے کو فروغ دینے میں گرو تیغ بہادر جی کی قربانیوں کو اجاگر کیا۔ نائب صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ اُن کی انسانیت کے بنیادی حقوق کے تحفظ میں غیر متوازی قربانی آنے والی نسلوں کیلئے تحریک کا ایک تاحیات وسیلہ رہے گا۔ x

## COP CLIMATE FINANCE

آذر بائیجان کی راجدھانی باکو میں جاری COP-29 میں عالمی رہنماؤں نے ''باکو فائنانس گول'' پر رضامندی کا اظہار کیا ہے۔ جس کے تحت 2035 تک ترقی پذیر ملکوں کو آب و ہوا کی تبدیلی کے آلات سے نمٹنے کی غرض سے ایک اعشاریہ تین ٹریلین ڈالرز عطیہ کرنے کا عہد کیا گیا ہے۔ اس میں 300 ارب ڈالرز کا اہم سالانہ ہدف شامل شامل ہے جو ایک سو ارب ڈالرز کے گزشتہ ہدف سے تین گنا زیادہ ہے۔

اس مقابلے میں پیش رفت کے باوجود، بھارت سمیت ترقی پذیر ملکوں سے اس سمجھوتے کو ناکافی قرار دیتے ہوئے اس پر نکتہ چینی کی ہے اور آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق فوری ضروریات کو پورا کرنے کے مقصد سے، اور زیادہ بلند جو عزائم پر زور دیا ہے۔ بھارت کی ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت کے سکریٹری لینا نندن نے کہا کہ یہ ہدف بہت کمتر اور بہت زیادہ غیر واضح ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہمارے تخمینے کے مطابق، سال 2030 تک ہمیں ایک اعشاریہ تین ٹریلین ڈالرز کی ضرورت پڑے گی جبکہ ہم ایک سال میں محض تین سو ارب ڈالرز ہی مختصر کر رہے ہیں۔ x

## BHUTAN PM INDIA VISIT

بھوٹان کے وزیراعظم Tshering Tobgay ، بھارت کے تین روزہ دورے پر آج نئی دلّی پہنچ رہے

ہیں۔ کل وہ دلّی میں ایک پروگرام میں شرکت کریں گے اور منگل کی سہ پہر وطن واپس روانہ ہوجائیں گے۔ جناب Tobgay نے مارچ میں بھارت کا دورہ کیا تھا۔ جنوری میں وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ، اُن کا یہ پہلا غیر ملکی دورہ تھا۔ x

## DELHI POLLUTION

قومی راجدھانی دلی میں آج صبح چھ بجے، ہوا کے معیار کا اوسط اشاریہ AQI 370 درج کیے جانے کے ساتھ ہی، ہوا کا معیار بہت خراب زمرے میں برقرار ہے۔

آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق، شہر کے بعض علاقوں میں AQI کی سطح 400 سے تجاوز کرگئی۔ دلی کے آنند وہار میں AQI کی سطح 416 ، بوانا میں 406 ، علی پور میں 413 ، وویک وہار میں 409 اور وزیر پور میں 415 ریکارڈ کی گئی ہے۔

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ دلی اور NCR میں اگلے دو روز تک رات کے دوران اور صبح کے اوقات میں دھواں اور دھند چھائے رہنے اور ہلکا کہرہ پڑنے کا امکان ہے۔x

## PM COOPERATIVE CONFERENCE

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ICA گلوبل کو-اپریٹیو کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ تعاون پر مبنی بین الاقوامی اتحاد کی 130 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ گلوبل کو-اپریٹیو کانفرنس اور جنرل اسمبلی کانفرنس کا بھارت میں اہتمام کیا جارہا ہے۔ اِس موقع پر وزیر اعظم مودی کو-اپریٹیوز 2025 کے بین الاقوامی سال کے موقع پر ایک یاد گاری ٹکٹ جاری کریں گے۔ اِس تقریب میں تقریباً تین ہزار غیر ملکی اور بھارتی وفود کی شرکت متوقع ہے۔ چھ روزہ کانفرنس بحث و مباحثے اور پروگراموں کی سیریز کیلئے دنیا بھر کے کو-اپریٹیوز کو یکجا کرسکے گی۔ اِس کانفرنس کا موضوع ہے، ''سب کیلئے خوشحالی پر مبنی امدادِ باہمی''۔ X

## AB KOI BAHANA NAHI CAMPAIGN

حکومت کل نئی دلی میں ایک قومی مہم ''اب کوئی بہانہ نہیں'' کا آغاز کرے گی۔ اس مہم کے تحت عوام، حکومت اور کلیدی متعلقہ فریقوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ صنف پر مبنی تشدد کا خاتمہ کرنے کی غرض سے قانونی کارروائی کے متقاضی اقدامات کریں۔

یہ مہم خواتین اور بچوں کی بہبود اور دیہی ترقی کی وزارتوں کی ایک تعاون پر مبنی کوشش ہے جسے UN

Women یعنی اقوام متحدہ کی خواتین کی معاونت حاصل ہے۔

مہم کے دوران، ''اب کوئی بہانہ نہیں'' کے موضوع پر ایک فلم کی نمائش کی جائے گی۔ جس میں صنف پر مبنی تشدد کے خاتمے کا عہد کرنے کے لیے ہر شہری سمیت سبھی متعلقہ فریقوں کی جوابدہی کی ضرورت کو اجاگر کیا جائے گا۔x

## CRICKET - INDIA VS AUS

ٹسٹ کرکٹ میں ، بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف اپنی پوزیشن مضبوط کرلی ہے اور Yashasvi جیسوال نے کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 161 رَن بنائے۔ Border Gavaskar ٹرافی کے پہلے ٹسٹ میچ کے تیسرے دن کھانے کے وقفے کے بعد بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف 5 وکٹ پر 403 رَن بنا لئے تھے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت کو جیسوال کی 161 رَن کی بدولت 452 رَن کی سبقت حاصل ہوگئی ہے۔ مہمان ٹیم نے آج صبح آسٹریلیا کے خلاف بغیر کوئی وکٹ کھوئے کُل کے 172 رَن سے آگے اپنی دوسری اننگ دوبارہ شروع کی تھی۔ x

☆☆☆☆☆